© rasailojaraid.com

کے باطن تک بھی پہنچ سکتی ہے، اور وہ تغیرات احوال میں تمدن و تہذیب کے ارتقار کو بھی دیکھ سکتے ہیں۔ مزید براں اس کتاب میں اُن نقائص کی اصلاح پر بھی کافی توجہ کی گئی ہے جو ہندوستان کی تاریخ نگاری میں غیر قومی نقطۂ نظر کے غالب ہو جانے کی وجہ سے پیدا ہو گئے ہیں۔ (ا-م)۔

**الزہرات** | جناب عبدالرحمٰن کاشغری صاحب استاذ دارالعلوم ندوہ کے عربی کلام کا مجموعہ ہے شاعر ترکی الاصل ہے اور ہندوستان میں اس نے عربی کی تعلیم پائی ہے، مگر کلام میں عربیت کی شان پائی جاتی ہے، ہندوستان میں عربی ادب کے مذاق کو زندہ کرنے کے لیے جو کوششیں کی جارہی ہیں ان میں اہل ندوہ پیش پیش ہیں اور ان کی خدمات قدر کے قابل ہیں۔ امید ہے کہ عربیت کا ذوق رکھنے والے حضرات اس مجموعۂ کلام سے لطف اندوز ہوں گے قیمت ۸ر ملنے کا پتہ مکتبۂ الضیاء لکھنؤ۔

**اسباب زوال امت** | امیر شکیب ارسلان کے ایک مضمون کا ترجمہ ہے جسے سیرت کمیٹی (پٹی) نے شائع کیا ہے۔ امیر موصوف دنیا اسلام کے لیڈروں میں ایک نمایاں شخصیت رکھتے ہیں۔ مسلمانان عالم کے حالات پر انکی نظر بہت گہری اور وسیع ہے۔ انہوں نے مسلمانوں کی موجودہ پستی کے اہم ترین اسباب کو بڑی خوبی کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اور نہایت عبرت انگیز واقعات سے مثالیں دیکر مسلمانوں کو سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ وہ کونسی اخلاقی اور ایمانی کمزوریاں ہیں جو ان کے زوال کی باعث ہوئیں اور اب تک ہو رہی ہیں مسلمانوں میں اس رسالہ کی عام اشاعت ہونی چاہیے قیمت فی نسخہ ۲ر آٹھ نسخوں کے لیے ایک روپیہ۔ سو نسخوں کے لیے دس روپیہ۔

**جدید خطبات جمعہ** | از جناب "خطیب رازی" شائع کردہ سیرت کمیٹی پٹی (ضلع لاہور)

یہ خطبے اردو زبان میں لکھے گئے ہیں۔ ہر خطبہ کی ابتدا عربی میں حمد و صلوٰۃ اور چند آیات قرآنی سے کی گئی ہے اور اس کے بعد نہایت عام فہم اردو میں مسلمانوں کے موجودہ حالات و


© rasailojaraid.com